میثم قادری

منزل

اُنھیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

حصّہ سوم

حکیم محمّد حسین بدر چشتی (علیگ) رحمۃ اللہ علیہ

جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب ـــــ منزل انہیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے
حصہ ـــــ سوم
مصنف ـــــ حکیم محمد حسین بدر چشتی (علیگ)
ناشر ـــــ خانقاہ چشتیہ رضویہ ڈیرہ نواب صاحب
چھاپہ خانہ ـــــ لیاقت آصف پرنٹرز، لاہور
کتابت ـــــ ابنِ چوہان
قیمت ـــــ بیس روپے
تعداد ـــــ ایک ہزار
سن اشاعت ـــــ جولائی ۱۹۸۸ء

فہرست

دیباچہ ۵
شرط ہے چند لوں کا صادق ہونا ۱۴
پیش گفتار ۱۶
مفتیانِ فتویٰ جہاد ۱۸۵۷ء ۲۳
جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء میں پھانسی والے ۲۴
مجلس تلقین جہاد ۱۸۵۷ء ۲۵
جنگ آزادی ۱۸۵۷ء ۳۲
پھانسیاں ۱۸۵۷ء ۳۹
۱۸۵۷ء کے شہداء کی یادداشتیں ۴۱
حضرت پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کا مسلم لیگ کے حق میں فتویٰ ۴۸
مولوی داؤد غزنوی بھی گاندھی نواز تھے ۴۸
فہرست ممبران مسلم لیگ مرکزی اسمبلی انڈیا ۵۰
ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی ۵۴
تکمیل پاکستان کی منزل بہ منزل داستان ۵۴
افادات اشرفیہ کا دوسرا رُخ ۶۰
متحدہ قومیت کے بارے میں مہاتما گاندھی لکھتے ہیں ۶۲

ڈاکٹر اسرار کی پراسرار باتیں	۶۹
سراب آسا تعبیر	۷۳
نظم جماعت اور بیعت کی بنیاد	۷۴
نظم جماعت کے قیام کی کوششیں	۷۷
مولانا عبدالباری فرنگی محلی کی رائے	۷۸
ایک تاریخی تحریر	۸۰
پاکستان کا عدم استحکام اور ڈاکٹر اسرار احمد	۸۴
بھارت کا استحکام اور پاکستان کا عدم استحکام	۸۷
مولانا ابوالکلام اور سوشلزم	۹۵
مولانا ابوالکلام کی شراب نوشی	۹۹
ڈائریکٹر جنرل اکیڈمی آف ہائیر ایجوکیشن۔ اسلام آباد کے نام خط	۱۰۲
بھارت کا وفادار کانگرسی ٹولہ	۱۱۳
منکرین پاکستان کا آرام۔	۱۱۹
حیات مؤلف ۔ از حکیم محمد افتخار حسین اظہر چشتی	۱۳۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

دیباچہ

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جب کسی قوم کی سیاسی عظمت کا چراغ گل ہو جاتا ہے تو وہ اپنے قومی تشخص اور ملی فکر و نظر کی موت کا اعلان کر کے غلط قیادت کا شکار ہو جاتی ہیں لیکن اسلام نے مسلمان قوم کو ایسا فکری نظریہ دیا ہے جو الہامی ہے اور کبھی فنا نہیں ہو سکتا کچھ عرصہ اغیار کی ٹھوکریں کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کے فیض و کرم سے پھر سنبھل جاتے ہیں کوئی نہ کوئی مردِ حق پیدا کر دیتا ہے جس کی آواز ملتِ اسلامیہ کے سرگرداں اور پریشاں کاروانوں میں بانگِ درا بن کر گونجتی ہے اور یہ بھٹکے ہوئے راہی پھر ایک مرکز پر جمع ہو جاتے ہیں۔ آسمان نے ایسا کبھی سماں نہ دیکھا ہوگا جب ایک دبلے پتلے آدمی نے دس کروڑ اسلامیانِ برصغیر کو اندوہناک سانحے سے بچانے کے لیے پکارا اور دس کروڑ برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں نے اسکی آواز پر لبیک کہا یہ کون مردِ مومن تھا۔ ملتِ اسلامیہ کی تقدیریں بدلنے والا، اسکو عالمِ اسلام میں محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ اور قائد اعظم کے خطاب سے پکارا جاتا ہے جسکو مغرب کے تپتے ہوئے ارضِ مشرق کا اہم ترین مفکر اور عظیم انسان تسلیم کرتے ہیں دوسرے بزرگ حضرت حکیم الامت علامہ اقبالؒ جنہوں نے مسلمانوں کو فکری بنیاد یعنی دو قومی نظریہ کی غذا مہیا کی۔ فکری بنیاد کے بغیر کوئی تحریک